# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 24.09.2021:

## سانحہ اکبری گراؤنڈ لطیف آباد نمبر 8 کے ٹرانسفارمر دھماکے میں جاں بحق ہونے والے 04 افراد کے لواحقین کو فی کس فرد کے لیئے 7 لاکھ 50 ہزار روپے کے چیک، چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید نے حیسکو کانفرنس ہال میں منعقد تقریب کے دوران دیئے۔ حیسکو ترجمان

## حیسکو انتظامیہ کی گذارش پر حیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد زخمی اور جان بحق ہونے والے افراد کی مالی مدد کے چیک ان کے لواحقین کو دیئے جارہے ہیں۔ حیسکو چیف ریحان حمید

## یہ حادثہ اتفاقی تھا، حیسکو انتظامیہ نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ہماری مالی مدد کی ہم حیسکو چیف ریحان حمید کے بیحد مشکور ہیں۔ جان بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کا تقریب میں اظہار خیال

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق سانحہ اکبری گراؤنڈ تابش والا ٹرانسفارمر لطیف آباد نمبر 8 کے دھماکے میں جان بحق ہونے والے 04 افراد کے لواحقین نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید سے 7 لاکھ 50 ہزار کے چیک حیسکو کانفرنس ہال میں وصول کیئے، اس موقع پر تمام لواحقین نے کہا کہ یہ سانحہ اتفاقی حادثہ تھا، اور حیسکو انتظامیہ نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مالی مدد کی ہے جس پر ہم حیسکو انتظامیہ بلخصوص حیسکو چیف کا شکریہ ادا کرتے ہیں، واضح رہے کہ حیسکو انتظامیہ کی گذارش پر حیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یہ امدادی رقم دینے کی منظوری دی تھی، جس پر آج عمل کرتے ہوئے 04 لواحقین نے 7 لاکھ 50 ہزار روپے کے چیک چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید سے وصول کیئے، جس میں مرحوم سجاد قریشی ولد حبیب قریشی کی بیوہ ثمرین قریشی، عبدالمنان ولد عبدالرحمان (والدہ عبدالرحمان مسمات فرزانہ) عارفین ولد محمد شکیل (والد محمد شکیل) اور محمد فراز ولد بشیر احمد (والدہ شوشیلہ بانو) کو 7 لاکھ 50 ہزار روپے کے چیک دیئے گئے ہیں، اور باقی 05 فوتی لواحقین کو بھی حیسکو انتظامیہ کی جانب سے چیک مکمل کاغذی کارروائی کے بعد دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ شدید زخمی ہونے والے دو افراد کو 5 لاکھ فی فرد دیئے گئے ہیں، اور معمولی زخمی ہونے والے 05 افراد کو فی فرد 3 لاکھ روپے دیئے گئے ہیں، مجموعی طور پر سانحہ اکبری گراؤنڈ تابش والا ٹرانسفارمر میں 20 افراد متاثر ہوئے تھے، جن میں 10 جان بحق اور 10 زخمی ہوئے تھے، جان بحق ہونے والوں میں ایک حیسکو ملازم جبکہ 9 پبلک مین شامل ہیں، اور 10 زخمی ہونے والوں میں 3 حیسکو ملازمین ہیں اور 7 پبلک مین شامل ہیں، جان بحق ہونے والے 9 افراد میں سے 04 کے لواحقین نے آج فی کس 7 لاکھ 50 ہزار کے چیک چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید سے وصول کیئے۔ اس کے علاوہ حیسکو انتظامیہ نے زخمی افراد کے متعلقہ ہسپتالوں کے اخراجات بھی ادا کیئے ہیں۔ اس موقع پر حیسکو چیف کے علاوہ ایڈمن اینڈ ایچ آر ڈائریکٹر عثمان میمن، پرنسپال RTC شفیق احمد میمن، ڈائریکٹر لیبر اینڈ لیگل ماجھی خان ھنگورجو، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس دین محمد کیریو، XEN لطیف آباد ڈویژن ظفر علی سولنگی، PSO ڈاکٹر عمران احمد شیخ و دیگر حیسکو افسران موجود تھے۔




حیدرآباد: سانحہ اکبری گراؤنڈ لطیف آباد نمبر 8 کے ٹرانسفارمر دھماکے میں جاں بحق ہونے والے 04 افراد کے لواحقین کو فی کس 7 لاکھ 50 ہزار روپے کے چیک حیسکو چیف ریحان حمید دے رہے ہیں